مرحوم کے بیٹے الشیخ فہد بن محمد العساکر سے رئیس الجامعہ نے ٹیلیفون پر اظہار تعزیت کرتے ہوئے عالم اسلام کیلئے ان کی خدمات کو سراہا اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ان کی لغزشوں سے درگزر فرماتے ہوئے ان کے صدقات جاریہ کو قبول و منظور فرمائے اور جنت الفردوس میں انہیں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین

موت العالم موت العالم

استاذی المکرّم مولانا عبدالوہاب حنیف کا سانحہ ارتحال!

مرکزی جمعیت اہل حدیث بلتستان کے ممتاز رہنما اور دارالعلوم غواڑی کی انتظامیہ کے اہم رکن حضرت مولانا عبدالوہاب حنیف صاحب گزشتہ دنوں ریاض میں ایک ٹریفک حادثہ میں اللہ کو پیارے ہو گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم کی بلتستان میں جماعت کی نشأۃ ثانیہ میں بڑی خدمات تھیں۔ شمالی علاقہ جات کے کونے کونے میں توحید و سنت کی دعوت کے پیغام کو گھر گھر پہنچانے میں ان کی کوششوں کا بڑا عمل دخل ہے۔ ان کی اچانک وفات سے جماعت کو بڑا دھچکا لگا ہے۔ مولانا مرحوم پاکستان میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد جہلم میں مدرسہ دارالحدیث (اب جامعہ العلوم الاثریہ) میں عرصہ چار سال تک تدریسی خدمات سرانجام دیتے رہے۔ مرحوم کی غائبانہ نماز جنازہ مرکزی جامع مسجد اہل حدیث میں ان کے شاگرد حافظ عبدالحمید نے نماز جمعہ کے بعد پڑھائی اور مرحوم کی خدمات کا بڑے احسن انداز میں تذکرہ کیا۔ ادارہ ''حرمین'' و جامعہ اور جماعت مرحوم کے ورثاء کے غم میں برابر شریک ہے اور دعاگو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کی غلطیوں کو معاف فرمائے اور اعلیٰ علیین میں بلند مقام عطا فرمائے۔ آمین

عارف جاوید محمدی (کویت) کو دوہرا صدمہ

جمعیۃ احیاء التراث الاسلامی کویت سے وابستہ گوجرانوالہ کے رہائشی جناب عارف جاوید محمدی صاحب کو تھوڑے ہی عرصہ میں دوہرا صدمہ برداشت کرنا پڑا۔ کچھ عرصہ قبل ان کی ہمشیرہ کا انتقال ہو گیا تھا۔ اب گزشتہ ماہ ان کی والدہ محترمہ اس دنیائے فانی سے کوچ کر گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید، حافظ احمد حقیق اور دیگر احباب جامعہ نے گوجرانوالہ میں ان کے گھر ان سے تعزیت کی۔